


روزنامہ
ورقِ تازہ
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक-ए-ताज़ा
13 June 2026




# سیٹلائیٹ تصاویر کا تجزیہ ایرانی فوجی اڈوں پر امریکی حملوں سے ہونے والے نقصان کے بارے میں کیا بتاتا ہے؟

پال براؤن مصنف

سیٹلائٹ تصاویر سے ظاہر ہوتا ہے کہ 50 سے زائد ایرانی فوجی اڈے، جن میں پاسداران انقلاب (IRGC) کا ایک ہیڈکوارٹر بھی شامل ہے، جنگ کے آغاز کے بعد سے امریکی-اسرائیلی حملوں میں نقصان اٹھا چکے ہیں۔ بی بی سی ویریفائی نے تصاویر کا جائزہ لیا ہے جن کے مطابق، ملک بھر کے اڈے امریکی حملوں سے شدید متاثر ہوئے ہیں، جبکہ ماہرین نے فضائیہ کے طیاروں، جنگی بحری جہازوں اور بیلسٹک میزائل تنصیبات کو پہنچنے والے نقصان کی نشاندہی کی ہے۔ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ 28 فروری کو شروع ہونے والے تنازع کے بعد سے انھوں نے ایران بھر میں 13000 سے زائد اہداف کو نشانہ بنایا ہے۔ منگل اور بدھ کی رات خلیج میں ایک امریکی ہیلی کاپٹر مار گرائے جانے کے بعد امریکی اور ایرانی افواج نے تازہ حملوں کا تبادلہ کیا۔ اس سے قبل ایران اور اسرائیل نے بھی ایک دوسرے پر حملے کیے، جن میں اسرائیل نے جنوبی بیروت کے ساتھ ساتھ اسلامی جمہوریہ میں عسکری مقامات کو نشانہ بنایا۔ ایک ماہ سے زائد عرصے سے عارضی جنگ بندی نافذ ہونے کے باوجود، صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گذشتہ ماہ کے آخر میں دعویٰ کیا کہ امریکہ نے 'انھیں (ایران کو) عسکری شکست دے دی ہے۔' انھوں نے اپنی بہو اور فاکس نیوز کی میزبان لارا ٹرمپ کو بتایا، 'ان کی بحریہ مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے۔۔۔ 100 فیصد۔' 'فضائیہ بھی مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے، 100 فیصد۔' تاہم، ملک بھر میں ایران کے اڈوں پر ہونے والے حملوں کے باوجود، بی بی سی ویریفائی کی جانب سے جائزہ لی گئی کچھ تصاویر سے ظاہر ہوتا ہے کہ تہران اس نازک جنگ بندی کو بعض اہم میزائل مقامات پر سرنگوں کے داخلی راستوں کی مرمت کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ پورے تنازع کے دوران ایرانی فوجی اڈوں کو پہنچنے والے نقصان کے حجم کا تعین کرنا مشکل رہا ہے کیونکہ امریکہ نے خطے کی سیٹلائٹ کوریج کو محدود کرنے کی کوشش کی ہے۔ مارچ میں پینٹاگون نے پلانیٹ سے ایران اور مشرق وسطیٰ کے بیشتر حصوں کی نئی تصاویر کو محدود کرنے کا کہا۔ کمپنی نے اس اقدام کو یہ کہتے ہوئے درست قرار دیا کہ وہ اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہے کہ اس کی تصاویر 'مخالف عناصر کی جانب سے اتحادی اور نیٹو شراکت دار اہلکاروں اور شہریوں کو نشانہ بنانے کے لیے استعمال نہ ہوں۔' تاہم، بی بی سی ویریفائی نے پلانیٹ کی پرانی تصاویر اور دیگر بین الاقوامی فراہم کنندگان کا استعمال کرتے ہوئے ایران بھر میں 51 فوجی مقامات، جن میں فضائی اڈے، بحری سہولیات اور آئی آر جی سی کے کمپاؤنڈ شامل ہیں، کو ہونے والے نقصان کو ریکارڈ کیا۔ یہ تجزیہ غالباً صرف جزوی جائزہ ہے کیونکہ بہت سی ایرانی تنصیبات کی نوعیت خفیہ ہے۔ نجی انٹیلی جنس کمپنی جینس کے اندازے کے مطابق ایران میں مجموعی طور پر 197 فوجی اور آئی آر جی سی کے اڈے موجود ہیں۔ سیٹلائٹ تصاویر سے ظاہر ہوتا ہے کہ درجن سے زائد مقامات پر رن ویز اور طیاروں کو نشانہ بنایا




گیا ہے، جس کے بارے میں ماہرین کا کہنا ہے کہ اس سے امریکہ کو ایرانی فضائی حدود پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے میں مدد ملی ہے۔ 7 مارچ کو مہرآباد بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ہونے والے حملوں میں اس تنصیب کے فوجی حصے میں کم ازکم 17 طیارے تباہ ہو گئے، جبکہ شیراز ایئربیس پر 2 سے 17 اپریل کے درمیان ہونے والے امریکی-اسرائیلی حملوں میں کم ازکم 13 طیاروں کو نشانہ بنایا گیا۔ حملوں میں ایران کے جنگی بحری جہازوں کے بیڑے کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے۔ جنگ کے ابتدائی دنوں میں بندر عباس نیول بیس جو بحریہ کا ہیڈکوارٹر ہے، اس پر ہونے والے حملوں کے دوران متعدد جہازوں اور عمارتوں کو نقصان پہنچا۔ 4 مارچ کی سیٹلائٹ تصاویر سے ظاہر ہوا کہ ایک متاثرہ جہاز اور بندرگاہ کے انتظامی حصے سے دھواں اٹھ رہا تھا، جبکہ کنارک نیول بیس پر بھی متعدد جہازوں کو شدید نقصان پہنچا۔ اسی دوران، سیٹلائٹ تصاویر سے ظاہر ہوتا ہے کہ تہران کے مشرقی مضافاتی علاقوں میں آئی آر جی سی کے بحری ہیڈکوارٹر اور اس کے جنرل ہیڈکوارٹر کو وسیع نقصان پہنچا ہے۔ بحریہ کے کمانڈر جنرل علی رضا تنگسیری بھی مارچ کے آخر میں ایک اسرائیلی کارروائی میں ہلاک ہو گئے تھے۔ ماہرین نے بی بی سی ویریفائی کو بتایا کہ ان بار بار حملوں میں ایران کی بحریہ اور فضائیہ کو شدید نقصان پہنچنے کے باوجود، تہران اب بھی امریکہ اور اس کے علاقائی اتحادیوں کو نقصان پہنچانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ سکیورٹی فرم گلوبل گارڈین کے زیو فینٹوچ نے کہا، 'ایران کی اپنی دفاعی صلاحیت اس کی روایتی افواج، جیسے اس کی فضائیہ، سے کم اور میزائل یا ڈرون کے ذریعے جوابی حملے کرنے کی صلاحیت سے زیادہ وابستہ ہے۔' تہران نے مشرق وسطیٰ میں بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کے لیے چھوٹے، سستے ڈرون استعمال کیے ہیں، جن میں متعدد امریکی فوجی مقامات بھی شامل ہیں، اور وہ طویل عرصے سے اپنے شاہد ماڈل کو روس جیسے اتحادی ممالک کو برآمد کرتا رہا ہے۔ رینڈ سکول آف پبلک پالیسی کے نیشنل سکیورٹی پروگرام کے ڈائریکٹر رافائیل کوہن نے کہا کہ ایران کے چھوٹے اور تیز رفتار جہازوں پر مشتمل 'مچھروں کا بیڑا' اسے آبنائے ہرمز میں امریکی افواج اور تجارتی جہاز رانی کے لیے خطرہ بنے رہنے کے قابل بنائے گا۔

سیٹلائٹ تصاویر سے ظاہر ہوتا ہے کہ تہران اس نازک جنگ بندی کو اپنے کم ازکم چار بیلسٹک میزائل اڈوں کی مرمت کے لیے بھی استعمال کر رہا ہے۔ تصاویر سے ظاہر ہوتا ہے کہ تبریز میزائل اڈے سے ملبہ ہٹا دیا گیا ہے۔ امریکی-اسرائیلی حملوں سے متاثر ہونے والی سرنگیں بظاہر دوبارہ کھود دی گئی ہیں، اور تصاویر میں تعمیراتی گاڑیوں اور بھاری مشینری جیسی اشیاء بھی نظر آتی ہیں۔ کامران بخاری، جو مڈل ایسٹ پالیسی کونسل کے سینئر فیلو ہیں، نے کہا کہ ایران کی معاشی مشکلات، جو جنگ سے پہلے کی ہیں، اس کی فوجی صلاحیت کو مکمل طور پر بحال کرنے کی کوششوں میں رکاوٹ بن سکتی ہیں۔ انھوں نے کہا، 'ایران کو تعمیر نو کے لیے مختص وسائل میں کمی کا سامنا ہو سکتا ہے کیونکہ اسے بنیادی معاشی حالات کو بہتر بنانے پر بھی توجہ دینا ہوگی۔' فوجی اڈوں کے علاوہ، ملک بھر میں متعدد شہری عمارتیں بھی نشانہ بنیں۔ امریکہ میں قائم ہیومن رائٹس ایکٹوسٹس نیوز ایجنسی (HRANA) کے مطابق، تنازع کے آغاز سے اب تک 1700 سے زائد شہری ہلاک ہو چکے ہیں۔ تاہم، جنگ کی نگرانی کرنے والے امریکی فوجی افسر ایڈمرل بریڈ کوپر نے اس دعوے کو چیلنج کیا ہے کہ شہری ہلاکتوں کی تعداد ہزاروں میں ہے۔ امریکی حملوں میں حکومت کی وفادار اندرونی سکیورٹی فورسز کو بھی نشانہ بنایا گیا، جن میں آئی آر جی سی کے کمپاؤنڈز اور بسیج نیم فوجی دستوں کے اڈے شامل ہیں، یہ ایک رضاکار فورس ہے جسے آئی آر جی سی کنٹرول کرتی ہے اور جسے اکثر اختلاف رائے کو دبانے کے لیے سڑکوں پر تعینات کیا جاتا ہے۔ سیٹلائٹ تصاویر سے ظاہر ہوتا ہے کہ تہران میں اس کا کمانڈ سینٹر 4 مارچ کو ایک حملے میں متاثر ہوا، جبکہ اس سے ملحقہ ایک عمارت حملے میں مکمل طور پر تباہ ہو گئی۔ جنگ کے آغاز میں صدر ٹرمپ نے اشارہ دیا تھا کہ ان کے مقاصد میں سے ایک حکومت مخالف مظاہرین کو نظام کے خلاف بغاوت کے قابل بنانا ہے تاہم بعد میں اس مؤقف کو کم اہمیت دی گئی۔ جینس کے ایک مرکزی تجزیہ کار ریوس سمارٹ نے کہا، 'اس لیے یہ حملے غالباً بنیادی طور پر اُن حالات کے امکانات کو بڑھانے کے لیے کیے گئے تھے جو حکومت کے خاتمے کا باعث بن سکتے ہیں، جو کہ اسرائیل اور کسی حد تک امریکہ کا مقصد تھا۔' انھوں نے مزید کہا کہ 'ایسا اقدام کسی بھی حکومت کے خاتمے میں نچلی سطح سے مدد فراہم کرنے کے لیے ضروری ہوتا ہے اور یہ دسمبر 2025 سے جنوری 2026 تک ہونے والے احتجاج اور فسادات کے پس منظر میں سامنے آتا ہے، جنھیں ایران کی اندرونی سکیورٹی فورسز نے سختی سے کچل دیا تھا۔' جنگ بندی کے دوران ایران اور امریکہ کے درمیان خطے میں حملوں کا تبادلہ جاری رہا۔ گذشتہ ہفتے بی بی سی ویریفائی نے انکشاف کیا کہ تہران نے جنگ کے آغاز کے بعد سے کم ازکم 20 امریکی فوجی مقامات کو نقصان پہنچایا ہے۔ یہ حملے آٹھ ممالک میں قائم امریکی اڈوں اور میزبان ممالک کے ساتھ مشترکہ سہولیات کو نشانہ بناتے رہے، جس سے جدید فضائی دفاعی نظام، ایندھن بھرنے والے طیاروں اور ریڈار سسٹمز کو لاکھوں ڈالر کا نقصان پہنچا۔ اسی ہفتے آبنائے ہرمز میں گشت کرنے والے ایک ہیلی کاپٹر کو بھی مار گرایا گیا۔ جواب میں امریکہ نے بدھ کے روز کہا کہ اس نے جنوبی ایران میں فوجی، نگرانی اور ریڈار مقامات کو نشانہ بناتے ہوئے 'دفاعی نوعیت کے حملوں' کی ایک لہر مکمل کی ہے۔ اس کے ردعمل میں تہران نے بحرین، کویت اور اردن میں امریکی فوجی اثاثوں کو نشانہ بناتے ہوئے سلسلہ وار حملے کیے۔

(بی بی سی اردو)

# روس میں مسلم علماء کی گرفتاریاں:

## پوتن کا رہائشی عمارتوں میں عبادات کو ممنوع قرار دینے کا متنازع بل کیا ہے؟

کلیئر ڈیننگ



رواں برس مئی میں روسی سکیورٹی فورسز نے متعدد مسلمان علما اور کمیونٹی کے نمائندوں کو حراست میں لیا۔ ملک کے سرکاری میڈیا میں ان گرفتاریوں کی محدود کوریج ہوئی تاہم آن لائن ان گرفتاریوں کے بارے میں مختلف بیانیے سامنے آئے۔ انتہا پسند دائیں بازو کے اداروں اور چینلز کے نزدیک یہ گرفتاریاں اس مہم کے آغاز کی علامت تھیں، جس کا طویل عرصے سے انتظار کیا جا رہا تھا۔ ان اداروں کے مطابق اس مہم کا مقصد کریملن کے حمایت یافتہ ادارے سپرچول بورڈ آف مسلمز (ڈی یو ایم) کو ختم کرنا ہے۔ روس سے باہر کام کرنے والے میڈیا اداروں کے مطابق یہ اقدامات روس میں اسلاموفوبیا میں اضافے کا اشارہ دیتے ہیں، جہاں بہت سے افراد ایک متنازع نئے قانون، جو رہائشی عمارتوں میں اجتماعی عبادات کو ممنوع قرار دینے کے لیے بنایا جا رہا ہے، کو بھی اس کی ایک مثال قرار دیا ہے۔ بی بی سی مانیٹرنگ نے ان گرفتاریوں کی لہر، مقامی علما کے ردعمل اور روس میں مسلم برادریوں کے لیے اس کے ممکنہ معنی کا جائزہ لیا۔ مئی 2026 میں روسی سکیورٹی فورسز کی جانب سے مبینہ طور پر آٹھ مسلمان علما اور کمیونٹی کے نمائندوں کو حراست میں لیا گیا۔ ان میں سے کم ازکم ایک کو بعد میں رہا کر دیا گیا۔ ان میں کاریلیہ کے سابق مفتی وسام بردویل بھی شامل تھے۔ سرکاری خبر رساں ادارے طاس کے مطابق بردویل کو 14 مئی کو شیریمیٹیو ایئرپورٹ پر مبینہ طور پر 'پولیس کی نافرمانی' کرنے کے الزام میں 15 دن قید کی سزا سنائی گئی تھی۔ مقامی خبر رساں ادارے فورٹانگا کے مطابق روسی ایجنسی ایف ایس بی نے 12 مئی کو بردویل کے نائب احمد تانگلیف کو بھی حراست میں لیا۔ مقبول روسی نیوز سائٹ لینٹا ڈاٹ آر یو کے مطابق جمہوریہ موردوویا کے مفتی رائل آسایونو کو 19 مئی کو 'رشوت' طلب کرنے کے شبہے میں گرفتار کیا گیا تھا۔ اس رپورٹ میں روس کے سپرچول بورڈ آف مسلمز کے ایک اعلیٰ سطحی ذریعے کا حوالہ دیا گیا تھا۔ 23 مئی کو کاروباری روزنامہ کومیرسانت نے عدلیہ کے پریس آفس اور نامعلوم تفتیش کاروں کے حوالے سے حراست میں لیے گئے افراد کی ایک طویل فہرست بھی شائع کی تھی۔ کومیرسانت کے مطابق سینٹرلائزڈ مذہبی تنظیم 'مسلم کمیونٹی آف دی نارتھ ویسٹ' کے سابق چیئرمین محمد کھینی کو سینٹ پیٹرزبرگ میں ان کے ایک رشتہ دار اور روس کے علاقے ساراتوو کے نائب مفتی ال خیخ نضال عوادالله احمد کے ساتھ حراست میں لیا گیا۔ اس ویب سائٹ نے مزید چار گرفتار افراد کے ناموں کے ابتدائی حروف اور خاندانی نام بھی درج کیے، جنھیں تحقیقاتی ادارے ایجنٹسٹوو نے تاتارستان، مرمانسک اور پیٹروزاوڈسک میں مسلم کمیونٹی مراکز کے نمائندوں کے طور پر شناخت کیا۔ ان افراد کو مختلف الزامات کے تحت حراست میں لیا گیا، جن میں 'رشوت' سے لے کر 'نافرمانی' جیسے الزامات شامل ہیں تاہم بلاگرز اور بعض میڈیا اداروں نے اس سے زیادہ سنگین الزامات بھی عائد کیے ہیں۔ 23 مئی کو مبینہ طور پر ایسے مقدمات کا مواد دیکھنے کا دعویٰ کرنے والے کاروباری روزنامہ کومیرسانت کے مطابق کئی ملزمان پر الزام عائد کیا گیا کہ انھوں نے 'اخوان المسلمون' میں شمولیت اختیار کی۔ 'اخوان المسلمون' پر روس نے سنہ 2003 میں پابندی عائد کی تھی۔ معروف سرکاری ٹی وی پراپیگنڈسٹ رسلان اوستاشکو نے بھی 'اخوان المسلمون' سے متعلق اس دعوے کو دہرایا اور علما کو ایک نئے 'ففتھ کالم' کے طور پر پیش کیا، جو غیر ملکی خفیہ ایجنسیوں اور یورپی یونین کے اداروں کے ساتھ تعاون کر رہی ہے۔ انھوں نے دھمکی آمیز انداز میں کہا کہ 'یہ سوال بڑھتا جا رہا ہے کہ آیا یہ ایک مذہبی سٹرکچر ہے یا بیرون ملک سے کنٹرول کیا جانے والا ایک دہشت گرد نیٹ ورک؟' متوقع طور پر انتہا پسند دائیں بازو کے چینلز نے ان گرفتاریوں کی خبروں کا خیر مقدم کیا اور ریاست کی جانب سے ڈی یو ایم کے خلاف ممکنہ کریک ڈاؤن کے خیال پر واضح جوش و خروش کا اظہار کیا۔

انتہا پسند دائیں بازو کے چینل 'سنز آف مونارکی' نے 19 مئی کو لکھا کہ 'بہادر روسی سکیورٹی فورسز نے بالآخر اشتعال انگیزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی، جو روس میں مختلف مذاہب کے درمیان اختلافات کو ہوا دے رہے ہیں۔' اس نے مزید کہا 'مجھے امید ہے کہ یہ بس شروعات ہے!' 21 مئی کو بلاگر یوری باراںچک کی ایک خاصی توہین آمیز پوسٹ میں کہا گیا: 'آرتھوڈوکس روس کی بتدریج 'حلالائزیشن' اور 'نقابائزیشن' کے حامی یہ شدت پسند لوگ کافی عرصے سے جیل کی سیر کے منتظر تھے۔۔۔ ایسا لگتا ہے کہ حکام میں کسی کو اچانک اس خطرے کی سطح اور وسعت کا اندازہ ہو گیا۔' مسلمان علما کے خلاف دائر مقدمات میں سے سب سے نمایاں ایک مقدمہ 29 مئی کو سامنے آیا۔ یہ معاملہ ڈی یو ایم کے چیئرمین مفتی راویل غینوتدین کے پہلے نائب دامیر مخیتدینوف سے متعلق تھا، جن پر 'نفرت یا عداوت کو بھڑکانے' کا الزام عائد کیا گیا، جیسا کہ کاروباری روزنامہ آر بی سی نے رپورٹ کیا۔ تین دن بعد کاروباری اخبار ویدوموستی نے کہا کہ مخیتدینوف پر 'منگول-تاتار دور' کی پینٹنگز کی نمائش پر 150000 روبل (تقریباً 2040 ڈالر) کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ اس نے ریاستی میسنجر میکس پر ماسکو سٹی کورٹس آف جنرل جورسڈکشن کی جانب سے شائع کردہ ایک پوسٹ کا حوالہ دیا۔ یہ پینٹنگ، جو گذشتہ برس ایک انٹرویو کے دوران ان کے دفتر کی دیوار پر لگی دیکھی گئی تھی، 1223 کی جنگِ کالکا کو ظاہر کرتی تھی، جو مشرقی یورپ پر پہلے منگول حملے کے حوالے سے ایک اہم موڑ تھا۔ اس پر بلاگرز، شدت پسند قوم پرستوں اور حتیٰ کہ بعض سرکاری عہدیداروں کی جانب سے بھی تنقید سامنے آئی، جن میں سے کچھ نے اس پینٹنگ کو 'روس مخالف' قرار دیا اور کریملن سے وابستہ ڈی یو ایم کو 'انتہا پسند' تنظیم تسلیم کرنے کا مطالبہ کیا۔ مخیتدینوف نے ابتدا میں روس مخالف ہونے کے الزامات کو مسترد کیا اور اس پینٹنگ کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ 'گولڈن ہورڈ' (13ویں صدی میں منگول سلطنت کی جانشین ریاست) نے 'روسی سرزمین کے اتحاد، روسی ریاست کے قیام اور روس کے ایک کثیر نسلی اور کثیر مذہبی ریاست کے طور پر ارتقا' میں اہم کردار ادا کیا۔ بعد میں انھوں نے اپنا مؤقف بدل لیا۔ سنہ 2025 میں جب اس پینٹنگ کے حوالے سے تنازع پہلی بار سامنے آیا، تو ڈی یو ایم کی سرکاری ویب سائٹ پر جاری ایک بیان میں مخیتدینوف نے کہا کہ 'میں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس تصویر کو عوامی نظر سے ہٹا دیا جائے۔ اس کی جگہ اب عظیم محبِ وطن جنگ [نازی جرمنی کے خلاف سوویت یونین کی جنگ] کے واقعات سے متعلق ایک تصویر لگائی جائے گی۔' ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جدید روس کی شمولیت پسندی کو اجاگر کرنے کی کوشش میں، مخیتدینوف نے ریاست کے تاریخی بیانیے پر اجارہ داری کے اصول سے انحراف کیا۔ اقتدار میں رہتے ہوئے صدر ولادیمیر پوتن نے روسی شناخت کو اس چیز کے گرد منظم کرنے کی کوشش کی ہے جسے وہ سلاوی اقوام کے 'مشترکہ تاریخی اور روحانی دائرے' کے طور پر دیکھتے ہیں، اور اس عمل میں روسیوں، یوکرینیوں اور بیلاروسیوں کے درمیان امتیازات کو مدہم کر دیا گیا۔ 'سلاوی' ورثے پر مبنی اس تصورِ روس سے مختلف نسلی اور مذہبی شناختوں کے لیے جگہ محدود ہو جاتی ہے اور غالب امکان ہے کہ اس سے اسلام مخالف ایجنڈے رکھنے والی شدت پسند قوم پرست تحریکوں کو تقویت ملتی ہے۔

روس کے سپرچول بورڈ آف مسلمز (ڈی یو ایم) نے گرفتاریوں کی خبروں کے مین سٹریم میڈیا میں آنے کے باوجود بھی تقریباً خاموشی اختیار کیے رکھی۔ 21 مئی کو کریملن نواز ویب سائٹ لینٹا ڈاٹ آر یو پر شائع ہونے والی ایک رپورٹ کے مطابق تنظیم کے ایک گمنام ذریعے نے کہا کہ انھیں نہ تو 'بڑی تعداد میں گرفتاریوں' کی کوئی علامات نظر آتی ہیں اور نہ ہی کسی 'مسلم مخالف مہم' کے آثار۔ دوسری جانب موردوویا کے نائب مفتی راشد عبدراشیتوف نے 20 مئی کو جاری ایک بیان میں اپنے ساتھی رائل آسایونو کی گرفتاری کے بعد ان کا دفاع کرتے ہوئے اس واقعے کو 'غلط فہمی' قرار دیا۔ کئی ہفتوں بعد ڈی یو ایم کے سربراہ راویل غینوتدین نے بالآخر ان رپورٹس کے حوالے سے باضابطہ بیان جاری کیا۔ انھوں نے 8 جون کو کہا کہ 'ہم بعض میڈیا اطلاعات اور بلاگرز کی جانب سے کیے گئے ان دعووں کو قطعی طور پر مسترد کرتے ہیں کہ روس کا سپرچول بورڈ آف مسلمز مبینہ طور پر انتہا پسندی، شدت پسندی، غیر ملکی اثر و رسوخ اور نسلی کشیدگی سے منسلک ہے۔' انھوں نے کہا کہ ڈی یو ایم کو انتہا پسندی کا مرکز بنا کر پیش کرنے کی 'کوشش' تفرقہ پیدا کر رہی ہے اور بیرونی مخالفین کے مفادات کو تقویت دے رہی ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ غینوتدین کے بیان میں گرفتاریوں، حراستوں یا انتظامی الزامات کا بالکل کوئی ذکر نہیں تھا۔ انھوں نے صرف یہ اعادہ کیا کہ تنظیم 'وفاقی اور علاقائی حکام کے ساتھ تعاون' کے لیے تیار ہے۔ یہ بات غیر معمولی نہیں کیونکہ اس رہنما کی صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ دیرینہ وابستگی رہی ہے۔ مئی کے اوائل میں راویل غینوتدین نے صدر پوتن سے ایک بل کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اپیل کی تھی، جو مؤثر طور پر رہائشی عمارتوں میں مذہبی اجتماعات اور اجتماعی نماز پر پابندی عائد کرتا ہے۔ یہ بل 2024 میں پیش کیا گیا تھا اور اسے حکمران جماعت کے نمایاں سیاستدانوں جیسے پیوتر ٹالسٹوی، سینئر رکن پارلیمان سرگئی میرونوف اور ایل ڈی پی آر کے رہنما لیونیڈ سلوتسکی کی حمایت حاصل ہوئی۔ جلاوطن اخبار نوو ایا گزیٹا نے 11 مارچ کو پیشگوئی کی تھی کہ 'اس کا مطلب ہے کہ اس بار بل کے منظور ہونے کے امکانات 100 فیصد ہیں۔' غینوتدین نے 6 مئی کو پوتن کو لکھے گئے ایک کھلے خط میں کہا کہ 'اس بات کا مطلب یہ ہے کہ صرف رجسٹرڈ رہائشی ہی اپارٹمنٹس میں عبادت کر سکیں گے، اگر آپ رشتہ داروں یا دوستوں کے ساتھ ان کے گھر جا کر عبادت کریں تو بھی ممکنہ طور پر قانون کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے۔' انھوں نے کہا کہ یہ آئینی حق عبادت کی خلاف ورزی ہے اور اس سے 'انتہا پسندی' کو فروغ مل سکتا ہے۔ انھوں نے یہ بھی عندیہ دیا کہ یہ بل ملک کی مسلم کمیونٹیز کو غیر منصفانہ طور پر نشانہ بناتا ہے کیونکہ مسلمانوں کے لیے عبادت کے عوامی مقامات کی 'کمی' ہے اور حکام کی جانب سے مساجد، ثقافتی مراکز اور عبادت گاہوں کی تعمیر کے اجازت نامے دینے سے انکار کیا جاتا رہا ہے۔ جلاوطن ادارے نووایا گزیٹا یوروپا نے کہا کہ اس بل میں 'تارکین وطن مخالف جھکاؤ' پایا جاتا ہے اور 2023 میں ملک بھر میں مسلم عبادت گاہوں پر ہونے والی چھاپہ مار کارروائیوں کی ایک سلسلہ کی یاد دہانی کروائی، جہاں مشتبہ تارکین وطن کو اکثر پکڑ کر براہِ راست فوجی رجسٹریشن اور بھرتی کے دفاتر منتقل کر دیا جاتا تھا۔ 22 مئی کو جلاوطن چینل دوجد ٹی وی کے اینکر میخائل فشمان نے بظاہر غینوتدین کے احتجاجی خط اور بعد میں ہونے والی گرفتاریوں کے درمیان تعلق جوڑا۔

روس میں دو کروڑ سے زائد مسلمان آباد ہیں، جو یورپ کی سب سے بڑی مسلم آبادی ہے اور ان کی اکثریت ملک کے شمالی قفقاز اور وولگا کے علاقوں میں رہتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صدر پوتن اس آبادیاتی حقیقت کو اس وقت استعمال کرتے ہیں جب یہ ان کے لیے مفید ہو۔ مثلاً سعودی وفود یا 2026 کے سینٹ پیٹرزبرگ انٹرنیشنل اکنامک فورم میں 'معزز مہمانوں' سے گفتگو کے دوران۔ تاہم کریملن اور مسلم شہریوں کے درمیان تعلق ہمیشہ سے پیچیدہ رہا۔ سوویت یونین کے خاتمے کے بعد ابھرنے والی علیحدگی پسند جنگوں کے بعد، پوتن نے روس کی مسلم اکثریتی جمہوریاؤں میں حکمرانی کے ڈھانچے قائم کیے۔ شاندار مساجد کے منصوبوں کی مالی اعانت اور چیچنیا کے سربراہ رمضان قادیروف جیسے ہم آہنگ رہنماؤں کی تعیناتی کے ذریعے حکام نے مذہبی ہم آہنگی کی تصویر پیش کرنے کی کوشش کی۔ ریاستی پالیسی کے مطابق روس میں مسلم اداروں نے (جیسے ڈی یو ایم) مادی اور نظریاتی طور پر یوکرین میں روس کی جنگی کوششوں کی حمایت کی۔ اسی دوران، پوتن کی جنگ کے پرجوش حامی 'آرتھوڈوکس روس' کے ایک واحد تصور سے مزید وابستہ ہوتے جا رہے ہیں۔ ایک گمنام اسلامی سکالر نے 21 مئی کو آزاد ادارے ڈوکسا کو بتایا: 'اسلاموفوبیا اور مہاجر مخالف جذبات پہلے بھی موجود تھے لیکن جنگ ایک واضح سنگِ میل ثابت ہوئی۔' ماضی میں روس میں مذہبی تنوع کی قیمت سیاسی اطاعت کی صورت میں ادا کی جاتی تھی۔ جیسا کہ جلاوطن نووایا گزیٹا یوروپا نے اشارہ دیا، حالیہ گرفتاریوں کی لہر اس بات پر سوال اٹھاتی ہے کہ آیا وہ وفاداری اب بھی کافی ہے۔

(بی بی سی اردو)

### جدید اور قابل تجدید توانائی کی وزارت ہوا کے عالمی دن 2026 سے متعلق کانفرنس کی میزبانی کرے گی

گوا۔ 12 رجون۔ ایم این این۔ جدید اور قابل تجدید توانائی کی وزارت (ایم این آر ای) 15 جون 2026 کو گوا میں عالمی ونڈ ڈے 2026 کانفرنس کی میزبانی کرے گی، جس کا موضوع" ہوا سے پیدا ہونے والی توانائی: امنگ سے لے کر تیز رفتار ترقی تک" ہے۔ اس تقریب میں نئی اور قابل تجدید توانائی اور صارفین کے امور، خوراک اور عوامی تقسیم کے مرکزی وزیر جناب پرہلاد جوشی ،وزارت، مرکزی بجلی اتھارٹی (سی ای اے) سولر انرجی کارپوریشن آف انڈیا (ایس ای سی آئی) بھارتی قابل تجدید توانائی کی ترقی کی ایجنسی (آئی آر ای ڈی اے) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ونڈ انرجی (این آئی ڈبلیو ای) گرڈ انڈیا، سرکردہ ریاستی حکومتوں، اور انڈین ونڈ ٹربائن مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (آئی ڈبلیو ٹی ایم اے) ڈبلیو آئی پی پی اے، اور آئی ڈبلیو پی اے سمیت صنعتی اداروں کے سینئر نمائندوں کے ساتھ شرکت کریں گے۔ ہندوستان دنیا کا چوتھا سب سے بڑا ہوا سے پیدا ہونے والی توانائی کی مارکیٹ بن گیا ہے۔ 2030 تک 100 گیگاواٹ اور 2035 تک 155 گیگاواٹ کے ہدف کے ساتھ، ہوا سے پیدا ہونے والی توانائی ہندوستان کے 500 گیگاواٹ غیر فوسل صلاحیت اور 2070 تک خالص صفر اخراج کے ہدف کے لیے اہمیت کا حامل ہے۔" ہوا سے پیدا ہونے والی توانائی ہندوستان کی قابل تجدید حکمت عملی میں مرکزی حیثیت کی حامل ہے، اور 26-2025 میں ریکارڈ 1.6 گیگاواٹ کا اضافہ ظاہر کرتا ہے کہ مضبوط پالیسی اور صنعتی تعاون سے کیا حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اگلا مرحلہ تیز رفتاری کا مطالبہ کرتا ہے۔ ہوا کا عالمی دن 2026 کے موقع پر، توجہ عزائم سے عمل درآمد کی طرف منتقل ہونی چاہیے، کیونکہ ہندوستان بھی عالمی برآمدی مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے خود کو تیار رکھتا ہے۔

# ورقِ تازہ

13 June 2026

ادار یہ

## چچا سام کسی کے دوست نہیں!

مشرق وسطیٰ کے انتہائی حساس اور تجارتی اعتبار سے اہم ترین بحری راستوں پر ہندوستانی جہازوں کا نشانہ بننا ایک ایسا سنگین واقعہ ہے جس نے عالمی سطح پر آزادانہ جہاز رانی کے تصور کو شدید ٹھیس پہنچائی ہے۔ آٹھ سے گیارہ جون کے درمیانی عرصے میں خلیج عمان کے قریب یکے بعد دیگرے تین ہندوستانی تجارتی جہازوں ایم ٹی میریویکس، ایم ٹی سیٹیبیلو اور ایم ٹی جل ویر پر ہونے والے امریکی میزائل حملے کسی بھی طور پر معمولی حادثات قرار نہیں دیے جا سکتے۔ ان حملوں کے نتیجے میں ایم ٹی سیٹیبیلو پر سوار تین ہندوستانی ملاحوں کی ہلاکت نے ملکی سطح پر ایک شدید اضطراب کو جنم دیا ہے۔ عمان کی رائل نیوی کی معاونت سے اگرچہ بقیہ عملے کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے، مگر ایک مستحکم اور عالمی طاقت ہونے کے دعویدار ملک کے شہریوں کا اس طرح نشانہ بننا ریاستی تحفظ کے دعووں پر ایک بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔ اس پورے سانحے کا سب سے حیران کن زاویہ یہ ہے کہ یہ حملے کسی بحری قزاق، باغی گروہ یا تسلیم شدہ دشمن کی جانب سے نہیں ہوئے، بلکہ اس ملک کی جانب سے کیے گئے ہیں جسے موجودہ حکومت عالمی سطح پر اپنا سب سے قریبی اور قابل اعتماد اسٹریٹجک پارٹنر قرار دیتی ہے۔ امریکہ کی جانب سے غیر فوجی، تجارتی اور سویلین جہازوں پر میزائل داغنا بین الاقوامی قوانین اور آزادانہ جہاز رانی کے عالمی معاہدوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔ یہ واقعات اس بیانیے کو بھی بری طرح مجروح کرتے ہیں جس میں امریکی بالادستی کو عالمی سمندری تجارتی راستوں کے تحفظ کا ضامن مانا جاتا ہے۔ جب دوست ممالک کے جدید ترین ہتھیار ہی تجارتی جہازوں کے لیے موت کا پروانہ بننے لگیں، تو عالمی تجارتی نظام اور بین الاقوامی تعلقات کی بنیادیں ہی متزلزل ہو جاتی ہیں۔ معاشی اور تجارتی نقطہ نگاہ سے دیکھا جائے تو آبنائے ہرمز اور خلیج عمان کا خطہ عالمی توانائی اور سپلائی چین کی شہ رگ کی حیثیت رکھتا ہے۔ دنیا بھر کی تیل کی ترسیل کا ایک بہت بڑا حصہ اسی سمندری راستے سے گزرتا ہے اور ان پانیوں میں ہونے والی کوئی بھی کشیدگی براہ راست عالمی منڈیوں میں عدم استحکام پیدا کرتی ہے۔ ہندوستانی ملاح اور بحری عملہ عالمی جہاز رانی کی صنعت کا ایک انتہائی اہم اور محنتی جزو ہے۔ اگر ان سمندری راستوں کو فوری طور پر غیر عسکری اور محفوظ نہیں بنایا گیا، تو اس کے تباہ کن اثرات نہ صرف ملکی معیشت پر پڑیں گے بلکہ بیرون ملک اور بین الاقوامی پانیوں میں خدمات انجام دینے والے ہزاروں ملاحوں کا روزگار اور زندگیاں مستقل خطرے میں رہیں گی۔ ایک عام ملاح کی زندگی سمندر کی بے رحم موجوں اور تنہائیوں سے عبارت ہوتی ہے، جو محض اپنے خاندان کی کفالت اور ملکی معیشت کا پہیہ چلانے کے لیے مہینوں تک خشکی سے دور رہتا ہے۔ آدتیہ شرما، شیوانند چورسیا اور پٹنالا سریش جیسے نوجوان اسی کٹھن جدوجہد کا حصہ تھے جو عالمی طاقتوں کی جغرافیائی کشمکش کی بھینٹ چڑھ گئے۔ حکومت کی جانب سے ان متاثرہ خاندانوں کے لیے دس لاکھ روپے کی مالی امداد کا اعلان اگرچہ ایک دفتری کاروائی کے طور پر تو درست ہو سکتا ہے، مگر یہ رقم ان انمول انسانی جانوں کا متبادل ہرگز نہیں ہو سکتی جو کسی تجارتی جہاز پر دورانِ ڈیوٹی اندھی فائرنگ کا نشانہ بن گئیں۔ شہریوں کی جان کی حرمت کا تقاضا یہ ہے کہ ریاست ان کے خون کو اتنی سستی قیمت پر فراموش نہ ہونے دے اور عالمی سطح پر اس کا کڑا احتساب طلب کرے۔

بین الاقوامی اداروں اور اقوام متحدہ کے رویے پر بھی ایک طویل اور سنجیدہ بحث کی ضرورت ہے۔ جب بھی دنیا کے کسی خطے میں کوئی کمزور یا ترقی پذیر ملک بین الاقوامی قوانین کی ذرا سی بھی خلاف ورزی کرتا ہے، تو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور انسانی حقوق کے علمبردار ادارے فوری طور پر حرکت میں آ جاتے ہیں اور پابندیوں کی دھمکیاں دی جانے لگتی ہیں۔ اس کے برعکس جب ایک سپر پاور کے میزائل کھلے سمندر میں نہتے تجارتی عملے کا خون بہاتے ہیں، تو عالمی برادری پر ایک پراسرار اور مجرمانہ خاموشی طاری ہو جاتی ہے۔ ہندوستان نے اگرچہ یہ معاملہ اقوام متحدہ میں اٹھایا ہے، لیکن ان عالمی اداروں کے دہرے معیار نے ان کی غیر جانبداری اور افادیت کو مکمل طور پر بے نقاب کر دیا ہے۔ حکومت ہند اور وزارت خارجہ کی جانب سے ان واقعات پر ظاہر کیا جانے والا ردعمل بظاہر سفارتی قواعد کے عین مطابق ہے۔ نئی دہلی میں امریکی سفارت خانے کے قائم مقام سفیر کو طلب کر کے باضابطہ احتجاج ریکارڈ کروانا اور سفارتی دباؤ بڑھانا درست اقدامات ہیں، تاہم مسلسل تین دن تک ایک ہی نوعیت کے حملوں کا جاری رہنا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ محض سفارتی احتجاج اور زبانی مطالبات متعلقہ طاقتوں کو فوری طور پر روکنے میں ناکام رہے ہیں۔ سفارت کاری صرف بیانات جاری کرنے اور پریس بریفنگ دینے کا نام نہیں، بلکہ اس کا اصل مقصد اپنے شہریوں کی زندگیوں کے گرد ایک ایسا حفاظتی حصار قائم کرنا ہوتا ہے جسے کوئی بھی بیرونی طاقت عبور کرنے کی جرات نہ کر سکے۔ اس گھمبیر صورتحال نے ملکی سیاست کے اندرونی استحکام کو بھی ایک کڑے امتحان میں ڈال دیا ہے۔ اپوزیشن جماعتوں بالخصوص انڈین نیشنل کانگریس نے بجا طور پر حکومتی پالیسیوں کے عملی نتائج پر سوالات اٹھائے ہیں۔ یہ مطالبہ نہایت معقول ہے کہ خطے کی اس تیزی سے بدلتی ہوئی جغرافیائی اور سیاسی کشیدگی سے نمٹنے کے لیے پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جائے اور ایک جامع، شفاف اور ٹھوس حکمت عملی قوم کے سامنے رکھی جائے۔ خارجہ پالیسی اور ملکی سلامتی کے معاملات کو محض چند محکموں کے بند کمروں تک محدود رکھنے کے بجائے اس پر وسیع تر قومی اور سیاسی اتفاق رائے پیدا کرنا وقت کا اہم ترین تقاضا ہے۔ یہ وقت ہندوستانی ریاست کی تزویراتی خود مختاری کے دعووں کی عملی آزمائش کا بھی ہے۔ بین الاقوامی تعلقات میں دوستی کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہونا چاہیے کہ ہم اپنے شہریوں کے خون کو استعماری طاقتوں کے عسکری تجربات یا ان کی حاکمانہ سوچ کی بھینٹ چڑھنے دیں۔ ریاست کو اپنی مکمل سفارتی اور بحری قوت کا استعمال کرتے ہوئے امریکہ پر یہ واضح کرنا ہوگا کہ تجارتی جہازوں کی سلامتی پر کسی قسم کا کوئی مفاہمانہ رویہ اختیار نہیں کیا جائے گا اور اس کھلی جارحیت کے ذمہ داروں کا تعین کر کے انہیں بین الاقوامی کٹہرے میں لایا جائے گا۔ ایک زندہ اور خوددار قوم اپنے شہریوں کی لاشوں پر محض تعزیتی بیانات کو کافی نہیں سمجھتی۔ حکومت کو اب روایتی بیان بازی سے آگے بڑھ کر ایک ایسا لائحہ عمل مرتب کرنا ہوگا جو بین الاقوامی سمندری راستوں پر ہندوستانی پرچم یا عملے والے جہازوں کی مکمل حفاظت کی ضمانت دے سکے۔ خواہ اس کے لیے بحریہ کے گشتی مشنز میں اضافہ کرنا پڑے یا ہم خیال ممالک کو ساتھ ملا کر ایک مؤثر بحری حفاظتی اتحاد تشکیل دینا پڑے۔

